فوری ریلیز کے لیے: 2023/14/3 گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL نے 'مساوی تنخواہ کا دن' کے اعتراف میں نیویارک میں اجرتوں کے مابین صنف کی بنیاد پر موجود فرق کے بارے میں نئی رپورٹ جاری کر دی***

***رپورٹ سے پتہ چلتا ہے کہ نیویارک صنفی اجرت کے فرق کو ختم کرنے کے میدان میں قومی رہنما کی حیثیت رکھتا ہے، اور اس رپورٹ میں ریاست میں اجرتوں کے فرق کو اور بھی کم کرنے کے لئے پالیسی تجاویز دی گئی ہیں***

***اس سے نیویارک کی افرادی قوت میں صنفی مساوات کو فروغ دینے کے لئے گورنر کے عزم کو مزید تقویت ملتی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج نیویارک سٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف لیبر کی جانب سے ایک رپورٹجاری کرنے کا اعلان کیا جو ریاست میں اجرتوں کے مابین صنف کی بنیاد پر موجود فرق کے بارے میں ہے۔ یہ نئی رپورٹ اس مسئلے پر DOL کے 2018 کے مطالعے کے نتائج کا ازسرنو جائزہ لے رہی ہے، جبکہ ان اہم عوامل پر COVID-19 وبا کے ان اثرات کا بھی تجزیہ کیا گیا ہے جو روایتی طور پر اجرتوں کے مابین صنف کی بناء پر فرق سے متعلق ہیں، اور ساتھ ہی یہ رپورٹ اس مسلسل جاری مسئلے کو حل کرنے کے مقصد سے متعدد پالیسی سفارشات بھی پیش کر رہی ہے۔ یہ اعلان 14 مارچ کو منعقد کیے جانے والے 'یوم مساوی اجرت' سے بھی مطابقت رکھتا ہے، جس میں بتایا جاتا ہے کہ خواتین کو اس سال وہ اجرت حاصل کرنے کے لئے کتنا کام لازماً کرنا ہوگا جو پچھلے سال مردوں کو ادا کی گئی تھی۔

"یہ رپورٹ نیویارک میں مساوی اجرتوں کے لئے جاری لڑائی پر ایک اہم نکتہ نگاہ پیش کرتی ہے اور ہماری ریاست کو صنفی اجرت کے فرق کو ہمیشہ کے لئے ختم کرنے میں مدد دینے کے لئے ایک روڈ میپ فراہم کرتی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "افرادی قوت میں اب بھی حد سے زیادہ بڑی تعداد میں خواتین کو مساوی کام کے لیے مساوی اجرت سے محروم رکھا جا رہا ہے اور نیویارک کی پہلی خاتون گورنر کی حیثیت سے میں ان معاملات کو درست کرنے کے لیے پرعزم ہوں۔ میری انتظامیہ صنفی اجرتوں کے فرق کو ختم کرنے کے لئے مکمل پُرعزم ہے خصوصاً اکیلی ماؤں اور رنگدار جلد والی خواتین کے لئے جو اس سے غیر متناسب طور پر متاثر ہو رہی ہیں، کیونکہ خواتین کے لئے بہتر کام کے حالات کا مطلب سب کے لئے ایک مضبوط، منصفانہ معیشت کی تعمیر ہے۔"

نئی رپورٹ کے مندرجات سے پتہ چلتا ہے کہ اگرچہ نیویارک میں صنفی اجرتوں کے مابین فرق پورے امریکہ میں دوسرا سب سے کم فرق ہے، تب بھی نیویارک میں خواتین نے 2021 میں مردوں کے کمائے ہوئے ہر ڈالر کے مقابلے میں 88 سینٹ کمائے۔ کسی بھی خاتون کو اپنے 40 سالہ کیریئر میں اس فرق کی وجہ سے اپنی آمدنی میں $350,360 کا نقصان اٹھانا پڑے گا۔ یہ فرق رنگدار جلد والی خواتین کے لئے اور بھی زیادہ ہے۔ سفید فام، غیر ہسپانوی مردوں کے مقابلے میں سیاہ فام یا افریقی امریکی خواتین کو ایک ڈالر کے مقابلے میں تقریباً 68 سینٹ ادا کیے جاتے ہیں، جبکہ ہسپانوی اور لاطینی خواتین کو ایک ڈالر پر صرف 63 سینٹ ادا کیے جاتے ہیں۔

اس رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ گھر بیٹھے تعلیم لینے اور وبا کی وجہ سے بچوں کی دیکھ بھال فراہم کرنے والی سہولیات کی بندش نے بچوں کی دیکھ بھال تک رسائی کے سنگین اثرات کو مزید بڑھایا، جو ایک طویل عرصے

سے کام کرنے والی خواتین کے لئے صنفی اجرتوں کے فرق کی وجہ سے ایک بڑا مسئلہ بنا ہوا ہے۔ چونکہ ماؤں کو بچوں کی پرورش اور دیکھ بھال کا بوجھ زیادہ اٹھانا پڑتا ہے، اسی وجہ سے نیویارک میں خواتین کی لیبر فورس میں شرکت 2019 سے 2021 کے درمیان 59.3 فیصد سے گھٹ کر 58.9 فیصد ہوگئی، جبکہ بے روزگاری کی شرح 4.2 فیصد سے بڑھ کر 8.2 فیصد ہوگئی۔ 2021 میں 405,000 سے زائد خواتین بے روزگار تھیں، جو 2019 کے 207,000 کے مقابلے میں ایک نمایاں اضافہ ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ افرادی قوت سے عارضی طور پر خارج ہونے کی وجہ سے بھی طویل المدتی مالیاتی مضمرات پیش آ سکتے ہیں۔

گھر بیٹھے کام کرنے سے بعض خواتین اور خاندانوں کو بچوں کی دیکھ بھال میں مدد تو ملی، لیکن سب کو نہیں۔ ریاست کی صفِ اول والی ضروری افرادی قوت کا تقریباً دو تہائی حصہ خواتین پر مشتمل تھا جو زیادہ تر رنگدار جلد والی خواتین تھیں - لیکن ان کے لئے گھر بیٹھے کام کرنے کا کوئی اختیار دستیاب نہیں تھا۔

**ریاست نیویارک کے محکمہ لیبر کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا،** "حالیہ برسوں میں ہم نے ریاست نیویارک میں خواتین کے لئے تنخواہوں میں عدم مساوات کو حل کرنے میں اہم پیش رفت کی ہے، باوجود اس کے کہ وبا نے خواتین کو غیر متناسب طور پر متاثر کیا تھا، خصوصاً اکیلی ماؤں اور اقلیتوں کو۔ گورنر Hochul اس مسئلے پر بدستور ایک چیمپیئن کی طرح کام کر رہی ہیں اور میں ان کی شکرگذار ہوں کہ وہ صنف کی وجہ سے اجرتوں کے فرق کو ختم کرنے میں پیش رفت کو یقینی بنانے میں ہمہ تن مصروف ہیں۔"

**ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے انسانی حقوق کی کمشنر Maria Imperial نے کہا،** "خواتین کے حقوق انسانی حقوق ہیں۔ ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہم ایک ایسی ریاست میں رہ رہے ہیں جو نہ صرف خواتین کے حقوق کی تحریک کا گہوارہ ہے بلکہ سب کے لئے مساوات اور انصاف کی لڑائی میں بھی سب سے آگے رہی ہے۔ ڈویژن برائے انسانی حقوق ملازمت یا محنت مزدوری کرنے والی جگہوں میں خواتین کے خلاف امتیازی سلوک کو بے نقاب کرنے اور آجروں کو جوابدہ بنانے کے لئے اپنے پاس موجود ہر طاقت استعمال کرے گا۔"

اس رپورٹ میں کئی پالیسی سفارشات شامل ہیں تاکہ ریاست کی جانب سے زیادہ سے زیادہ تنخواہوں کی برابری کی طرف پیش قدمی میں مزید تیزی لائی جا سکے۔ ان میں سے بعض اہم ترین سفارشات میں یہ شامل ہیں:

- **کم اجرت والے مزدوروں کی تنخواہوں میں اضافہ کرنا،** بشمول نیویارک کی کم از کم اجرت کو افراط زر سے جوڑنے جیسی تجاویز کے ذریعے؛
- **یونین کی نمائندگی کے تحت کام کرنے والی ریاستی افرادی قوت کو والدینیت والی چھٹی تنخواہ کے ساتھ دینا؛**
- **ریاست نیویارک کی مساوی حقوق کی ترمیم کے بارے میں آگاہی بڑھانا،** جو ریاست نیویارک کے آئین میں امتیازی سلوک کے خلاف نئے تحفظ کا اضافہ کرے گی؛
- **پوری ریاست میں ڈیٹا جمع کرنے کے عمل کو بہتر بنانا** تاکہ روزگار کے رجحانات کا تجزیہ بہتر طریقے سے کیا جا سکے اور شفافیت میں اضافہ ہو؛ اور
- ریاست کے تمام امتحانات کو آن-لائن اور آن-ڈیمانڈ پیش کرکے **شعبہ سول سروس کے ٹیسٹنگ ماڈل کو جدید بنانا۔**

محکمہ لیبر بھی اجرتوں میں مساوات پیدا کرنے کے مقصد کی معاونت کے لئے متعدد نئے اقدامات کرے گا:

- ریاست میں صنف کی بناء پر اجرتوں کے فرق کی نگرانی کرنا اور سالانہ اپ ڈیٹس کو محکمہ کے نئے بنائے گئے Gender Pay Gap آن لائن ہب پر پوسٹ کرنا؛
- آجروں کو تنخواہوں میں شفافیت کے متعلق نئے قوانین کے بارے میں تعلیم و تربیت دینا اور ان قوانین کے موزوں نفاذ کو یقینی بنانا؛

- عہدوں کے عنوانات اور تنخواہوں کے بارے میں عوامی طور پر دستیاب اعداد و شمار کے بارے میں آگاہی بڑھانا؛
- دوران حمل دی جانے والی چھٹیوں کے بارے میں پوری ریاست پر محیط آگاہی مہم کی ابتدا کرنا اور اسے فروغ دینا؛
- Just Energy Transition کے مجوزہ دفتر کے جزو کے طور پر سبز معیشت میں ملازمت کے تربیتی مواقع سے خواتین کو منسلک کرنے کو ایک ترجیح بنانا؛ اور
- کاروباروں کے لیے اضافی وسائل پیدا کرنا۔

یہ رپورٹ خواتین کی مساوات کی خاطر جدوجہد کرنے کے گورنر Hochul کے مسلسل جاری عزم کو مزید تقویت دے رہی ہے۔ اپنا عہدہ سنبھالنے کے بعد سے، گورنر نے تولیدی حقوق کی پاسداری کے لئے کلیدی قانون سازی کی، ریاست کی تاریخ میں بچوں کی دیکھ بھال کی مد میں سب سے بڑی سرمایہ کاری کا اعلان کیا، پوری ریاست پر محیط شفافیت قانون نافذ کیا جس سے خواتین اور رنگدار جلد والے افراد کی تنخواہوں میں فرق ختم ہوگا، اور ایسے بنیادی بلوں پو دستخط کیے جو جنسی تشدد سے بچ جانے والے اور ہراسگی سے بچ جانے والے افراد کو قوت بخش رہے ہیں۔ گورنر Hochul کی کم از کم اجرت کو ہر سال بڑھانے کے لئے اسے افراط زر سے مربوط کرنے والی تجویز سے 900,000 کارکنان کو حوصلہ ملے گا، جن میں اکثریت خواتین کی ہے۔

ریاست نیویارک نے حالیہ برسوں میں پیشگی تنخواہ میں مساوات لانے کی مد میں بہت پیش رفتیں کی ہیں، بشمول تنخواہ کی ہسٹری پوچھنے پر لگائی گئی پابندی جس سے تمام آجرین کو روکا گیا ہے کہ وہ ممکنہ یا موجودہ ملازمین سے ان کی تنخواہ کی تاریخ اور معاوضے کے بارے میں کچھ پوچھیں۔ NYSDOL کے پاس ملازمت کے تمام متلاشیوں کی مدد کرنے کے لیے مفت وسائل بھی دستیاب ہیں، بشمول تنخواہ پر بات چیت کرنے کے متعلق گائیڈ، تاکہ نیویارک کے شہریوں کو اتنا کمانے میں مدد دی جائے جتنا کمانے کی ان میں طاقت اور قابلیت ہے۔

رپورٹ "The Gender Pay Gap in the Pandemic Era" دیکھنے کے لئے Gender Pay Gap hub پر جائیں، جسے کاروباروں اور کارکنان کے لئے اپ ڈیٹ کیا جاتا رہے گا۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418